# صوابی ایوان صنعت وتجارت

## Meeting Minutes

## Joint Session of the Gadoon Industrialists Assocaition and the Swabi Chamber of Commerce and Indsutry at Special Visit of Mr. Adnan Mumtaz, AC HQ's and Dr. Yamin Sana, AAC Topi to the Secretariate Office of the Swabi Chamber of COmmerce and Indsutry

**مشترکہ اجلاس گدون انڈسٹریلسٹ ایسوسی ایشن وصوابی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری بموقع دورہ جناب عدنان ممتاز، اسسٹنٹ کمشنر ہیڈکواٹرز صوابی و ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر تحصیل ٹوپی ڈاکٹر یامین ثناء، 04 جون 2026 جمعرات دوپہر 0200 بجے سیکرٹریٹ آفس صوابی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری۔**

### اجلاس کی کاروائی

اجلاس کا آغاز باقاعدہ تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔اس کے بعد ایوان کے صدر جناب فضل رحیم جدون صاحب نے معزز مہمان گرامی کا صوابی چیمبر آف کامرس کا دورہ کرنے اور گدون انڈسٹریل اسٹیٹ میں موجود صنعتی یونٹس کے مالکان وابسطہ سینئر عہدیداران سے ملاقات کے لیے اسسٹنٹ کمشنر صوابی کیساتھ آئے معزز مہمانان گرامی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور انھیں خوش آمدید کہا۔اجلاس میں گدون اکنامک زون کے اسٹیٹ مینیجر انجینئر تنویر فاروق صاحب نے بھی شرکت کی۔ضلعی انتظامیہ کے وفد کے اراکین میں DSP جناب نورالامین خان بھی شامل تھے۔

جناب عدنان ممتاز، اسسٹنٹ کمشنر صوابی نے اجلاس کے تمام شرکاء سے دیر سے شرکت کرنے پر معذرت کی۔اجلاس کے ایجنڈا پوائنٹس پر کاروائی کا آغاز ہوا اور تقریباً تمام شرکاء نے اپنی تجاویز پر بھرپور اظہار خیال پیش کیا۔

**01:۔ نوجوان طلباء وطالبات کے لیے انٹرنشپس پروگرام میں شرکت کے مواقع فراہم کرنا۔**

اس مقصد کے لیے انھوں نے 25 مئی 2026 کو منعقدہ اجلاس کا حوالہ دیا اور انڈسٹریل یونٹس سے درخواست کی کہ وہ اپنے اداروں میں نوجوان طلباء وطالبات کو انٹرنشپس کے مواقع دیں تاکہ وہ عملی زندگی کے لیے درکار مواقع سے مستفید ہوں اور ڈگری پروگرام کے لیے درکار ضروری تجربہ کی ضرورت کو پورا کرسکیں۔تمام شرکاء نے صنعتی اداروں کی جانب سے انکی درخواست پر متفقہ تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

PRESIDENT
Gadoon Industrialists Association
Gadoon Amazai, Swabi

PRESIDENT
SWABI CHAMBER OF COMMERCE
AND INDUSTRY SWABI

SECRETARY GENERAL
SWABI CHAMBER OF COMMERCE
AND INDUSTRY SWABI

GENERAL SECRETARY
Gadoon Industrialists Association
Gadoon Amazai, Swabi

- اس مقصد کے لیے طلباء اور طالبات کو یکساں مواقع فراہم کئے جائیں گے۔
- ذیلی کمیٹی جس میں ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر تحصیل ٹوپی اور تمام فورمز کی نمائندگی ہوگئی وہ اس کے امور کو دیکھے گئی۔
- تمام انٹرنشپس HEC کی پالیسی کے مطابق ہوں گی تاکہ طلباء وطلبات کو ڈگری کے حصول میں درکار ضروری تجربہ ومہارت کی سہولت حاصل رہے اور اس مقصد کے لیے اعزازیہ ضروری نہیں ہے۔
- پروگرام کے تحت تعاون کرنے والے صنعتی یونٹس کو تہنیتی سرٹفکیس دیے جائیں گے۔
- انٹرنشپس مکمل کرنے والے طلباء وطالبات کو باقاعدہ پروگرام منعقد کر کے سرٹفکیٹس دینے کی تقریب منعقد کی جائے گئی۔

اس موقع پر گدون انڈسٹریلسٹ ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر جناب عاصم علی جدون نے بھرپور اظہار خیال کیا اور مختلف تجاویز پیش کئیں۔

**02:۔ انڈسٹریل اسٹیٹ سے سپلائی چین پر معمور بھاری ٹریفک کے ضلع صوابی میں داخلے اور اخراج کے لیے شیڈیول۔**

اس بابت DSP جناب نور الامین خان نے اجلاس کے شرکاء کو ٹریفک پولیس کے مسائل سے آگاہ کیا اور تعاون کی گزارش کی۔ ان کی جانب سے ٹریفک کے اہم مسئلہ کی جانب توجہ مبذول کروانے کی تائید معزز مہمان خصوصی جناب عدنان ممتاز، اسسٹنٹ کمشنر صاحب نے بھی کی اور اپنے گزشتہ دور میں جب وہ بطور ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر تحصیل توپی تعنات تھے تو اس مسئلے کے حل کے لیے انھوں نے بھی کوششیں کی تھیں۔

جناب فضل رحیم جدون صاحب نے اس بابت جلد تمام کارخانوں کو آگاہی مراسلہ جاری کرنے اور تعاون کی گزارش کرنے کے لیے اور اس بابت تمام گڈز ٹرانسپورٹرز اور انکی ایسوسی ایشن کے عہدیداران کو بھی اعتماد میں لینے کے لیے جلد الگ سے اجلاس طلب کرنے کی تجاویز پیش کئیں۔ جس کی متفقہ منظوری دی گئی۔

**03:۔ تحصیل کورٹس اور تحصیل ایڈمنسٹریشن بلڈنگ میں خواتین کے لیے الگ سے انتظار گاہ اور دیگر سہولیات کے لیے CSR کی تجویز۔**

محترمہ یامین ثناء ایڈیشنل اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے تحصیل کورٹس اور ایڈمنسٹریشن بلڈنگز میں خواتین کے لیے الگ سے انتظار گاہ اور دیگر سہولیات کے لیے تمام کارخانوں اور اجلاس سے شرکاء سے کار خیر کے لیے CSR میں مالی معاونت کا نقطہ پیش کیا۔ وہ گزشتہ میٹنگو میں بھی متعدد دفعہ اس بابت تعاون کی گزارش کر چکی ہیں۔

PRESIDENT
Gadoon Industrialists Association
Gadoon Amazai, Swabi

PRESIDENT
SWABI CHAMBER OF COMMERCE
AND INDUSTRY SWABI

SECRETARY GENERAL
SWABI CHAMBER OF COMMERCE
AND INDUSTRY SWABI

ایوان کے صدر فضل رحیم جدون، گدون انڈسٹریلسٹ ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر جناب عاصم علی جدون، حطار ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کے ایڈمن منیجر جناب بادام گل اور دیگر نے انکی حمایت کی اور اس بابت جلد CSR ایکٹوٹی میں تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

## 04:۔ گدون انڈسٹریل اسٹیٹ میں ماحولیات سے متعلق شکایات پر کاروائی اور اس بابت تحصیل ایڈمنسٹریشن سے تعاون کی درخواست۔

میسرز جان ٹیشوز کے جنرل منیجر جناب جلال صاحب نے گزشتہ روز تحصیل ٹوپی کی ایڈمنسٹریشن کی جانب سے موصول شکایت پر کاروائی کا ذکر کیا اور درخواست کی کہ ان صنعتی ادارہ ماحولیات سے متعلق تمام تعمیلات کو جلد مکمل کرنے کے لیے اپنی کوشش کررہا ہے۔

انتہائی محدود پیمانے کے کاروبار کی وجہ سے تمام اداروں کے ساتھ بروقت تعاون شروع ہو چکا ہے اور کمپنی انتظامیہ جلد ان مسائل کو حل کرنے میں کامیاب ہو جائے گی۔ انھوں نے ایوان کے صدر اور ضلعی انتظامیہ کے نمائندگان کو یقین دہانی کروائی کے انکے صنعتی یونٹ کے خلاف اگر درخواست موصول ہے تو اس بابت انکی اس فورم سے یقین دہانی کو موثر سمجھا جائے اور انکی کوششوں کی مدنظر رکھتے ہوئے سہولت دی جائے تا کہ کارخانہ اپنا کام شروع کر سکے اور ملازمین کو بھی بے روزگاری سے بچایا جا سکے۔

معزز مہمان جناب عدنان ممتاز اسسٹنٹ کمشنر تحصیل صوابی نے اس بابت موصول شکایات پر اپنا تفصیلی موقف پیش کیا اور ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر تحصیل ٹوپی نے گزشتہ روز کی کاروائی پر بریفنگ دی۔ اس موقع پر پراجیکٹ منیجر گدون اکنامک زون جناب تنویر فاروق نے بھی محکمہ ماحولیات سے متعلق مسائل کے حل اور صنعتی یونٹس کو پلاٹ الاٹمنٹ سے متعلق خیبر پختونخواہ اکنامک زونز ڈویلپمنٹ اینڈ منیجمنٹ کمپنی کی پالیسی سے شرکاء کو آگاہ کیا۔

اجلاس میں متفقہ طور پر طے پایا کہ موجودہ معاشی حالات میں تمام ادارے حکومتی تعمیلات اور پالیسیز پر عملداری کو یقینی بنائیں گے اور باہمی تعاون کے ذریعے صنعت کا پہیہ رواں رکھیں گے تا کہ معاشی سرگرمیاں جاری رہیں۔

جناب عدنان ممتاز، اسسٹنٹ کمشنر ہیڈکوارٹرز صوابی نے تمام جناب فضل رحیم جدون، صدر صوابی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری انکے رفقاء عہدیداران گدون انڈسٹریلسٹ ایسوسی ایشن کا اجلاس میں شرکت کرنے پر شکریہ ادا کیا اور معاشی سرگرمیوں کو جاری رکھنے کے لیے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

اس کے بعد اختتامی دعا کی گئی اور اجلاس انتہائی دوستانہ ماحول میں ختم ہوا۔

☆☆☆☆☆☆☆

PRESIDENT
CHAMBER OF COMMERCE
INDUSTRY SWABI

PRESIDENT
Gadoon Industrialists Association
Gadoon Amazai, Swabi

SECRETARY GENERAL
CHAMBER OF COMMERCE
AND INDUSTRY SWABI

**Attendance Sheet Joint Session Meeting of The Swabi Chamber of Commerce and Industry (Swabi CCI) and Gadoon Industrialists Association (GIA) at Visit of Assistant Commissioner Swabi to Secretariate Office Swabi Chamber of Commerce and Industry**

**Dated: 03-06-2026**

| S/No | Name | Designation | Industry | Mobile No | Signature |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Fazal Rahim | | | | |
| 2 | Fazal Subhan | T.D | 2 K Textile | | |
| 3 | Syed Umar Hayat Shah | C.O | Syntron Ltd | | |
| 4 | Zia Muhammad. | Adm Manager | Sardar Chemical | | |
| 5 | Amir Rehman | Manager Admin | Syntron. | | |
| 6 | Asim Ali | Director Operations | WesterTech Pipes | | |
| 7 | Noor Wali | Manager Admin | Friends Glass | | |
| 8 | M-RAHIM | Azmat KHAN | Enter | | |
| 9 | Ghazanfar Ali. | General Manager | Al Jehar Fou | | |
| 10 | Muhammad Ishaq | Manager | Falak Sair | | |
| 11 | Mohammad Saqib | Director | Alpha Pipes | | |
| 12 | Muhammad Rehman | Manager. | Jan Tissue. | 0333-7630933 | |
| 13 | Jalal | G/M | Jan Tissue | 03109191663 | |
| 14 | M. Nawaz | HR | Saif Textile Mills | 0312-3131803 | |
| 15 | Maj Retd Sohail Akbar | HOD Admin | Saif Textile Mills | 03268421233 | |
| 16 | Zahir Jadoon | | | 03328121111 | |
| 17 | Nadeem Khan | | | 03458085885 | |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 18 | M. Imran. | Swabi Road | | 0300-8416353 | [illegible] |
| 19 | Badam Jadoon | Hattar Mall | | 03452798621 | [illegible] |
| 20 | Umair Ali | Accounting | Raj Industries | 03476127083 | Umair |
| 21 | | PakStar | | 03459496248 | [illegible] |
| 22 | Shahid Ali | President SIA | Asian master Pvt | — | [illegible] |
| 23 | | | | | |
| 24 | | | | | |
| 25 | | | | | |
| 26 | | | | | |
| 27 | | | | | |
| 28 | | | | | |
| 29 | | | | | |
| 30 | | | | | |
| 31 | | | | | |
| 32 | | | | | |
| 33 | | | | | |
| 34 | | | | | |
| 35 | | | | | |